Roll No…………………… Total No. of Printed Pages: 2

Total No. of Questions: 10

D.EL. ED-I/Annual -2019

Code: 106.

Language Education (URDU)

سالانہ امتحان ڈی۔ ایل۔ ایڈ (سال اول)

تدریس اردو

کل نمبر:75 وقت:3 گھنٹے

Time: 3 Hours Max. Marks:75

ہدایات: پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ ہر حصے میں پانچ سوالات ہیں۔ تمام سوالات حل کرنے لازمی ہیں۔

10 نمبر والے جواب 600 الفاظ اور 5 نمبر والے جوابات 300 الفاظ میں ہونے لازمی ہیں۔

حصہ 'الف'

1۔ اردو زبان کے آغاز وارتقا کا جائزہ لیتے ہوئے اس پر اہم تحریکات کے اثرات بیان کیجیے۔ 5+5=10

2۔ ابتدائی درجات میں زبان کی اہمیت بیان کرتے ہوئے اردو زبان کی تدریس کے مقاصد تفصیل کے ساتھ بیان کیجیے۔ 4+3+3=10

یا

زبان کی تدریس میں سماعت کی اہمیت واضح کیجیے۔ سماعت میں نقائص کی وجوہات بیان کرتے ہوئے اسے دور کرنے کا طریقہ کار بتائیے۔

Scanned by CamScanner

3- اچھی گفتگو کے اوصاف بیان کیجیے۔ زبانی اظہار کے وسائل کون کون سے ہیں؟ بحث و مباحثہ کی اہمیت بیان کیجیے۔ 3+4+3=10

یا

منصوبہ سبق کے مفہوم اور ضرورت کو واضح کیجیے۔ نظم کی تدریس کے طریقہ کار کو بیان کیجیے۔

4- اکائی کی منصوبہ بندی سے کیا مراد ہے؟ اکائی کی منصوبہ بندی کا ایک خاکہ تیار کیجیے۔ 5+5=10

یا

تدریس میں سمعی و بصری معاون اشیا کی اقسام بیان کیجیے۔ زبان کی تدریس میں ان اشیا کی تیاری کے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

5- تعین قدر سے کیا مراد ہے؟ مسلسل اور جامع تعین قدر کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔ 4+6=10

حصہ 'ب'

6- مجموعی بچوں کی تعلیم میں زبان کی اہمیت پر اظہار خیال کیجیے۔ 2½+2½= 5

یا

تحریر کے نقائص کیا ہیں؟ آپ اس کے تدارک کے لیے کیا تجاویز پیش کریں گے؟

7- زبان کی تدریس میں قرأت کے مختلف طریقوں کی وضاحت کیجیے۔ 5

8- نظم اور نثر کی منصوبہ بندی میں فرق قائم کیجیے۔ 2½+2½= 5

یا

منصوبہ سبق کی اہمیت بیان کیجیے اور پہلی جماعت کے لیے الفاظ پر ایک منصوبہ تیار کیجیے۔

9- مشترکہ نصابی عمل سے کیا مراد ہے؟ اس کی اقسام بیان کیجیے۔ 3+2=5

10- ریمیڈیل تدریس کی ضرورت اور اہمیت بیان کیجیے۔ 2½+2½= 5

Scanned by CamScanner